**17-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... اسلم بیگ

**Music**

☆ چناؤ تاریخوں کا اعلان کئے جانے بعد، سیاسی پارٹیوں کی طرف سے ریلیوں کے انعقاد کے ساتھ ہی چناؤ عمل شروع ہو گیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آندھرا پردیش میں این ڈی اے کی پہلی ریلی کا انعقاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی اے، علاقائی امنگوں اور قومی ترقی کو ذہن میں رکھ کر آگے بڑھ رہا ہے۔

☆ اروناچل پردیش اور سکم اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی چار جون کے بجائے اب دو جون کو ہوگی۔

☆ انتخابی کمیشن نے اپنی ویب سائٹ پر الیکٹورل بانڈز سے متعلق تازہ ترین اعداد و شمار اپ لوڈ کر دیئے ہیں۔

☆ چھتیس گڑھ کے سابق وزیراعلی بھوپیش بگھیل کا نام ، آن لائن بولی لگانے کے ایک گھوٹالہ کیس کے تحت ایف آئی آر میں درج کرایا گیا ہے۔

☆ اور، کرکٹ میں خواتین کے پریمیئر لیگ فائنل میں دہلی کیپٹلس نے رائل چیلنجرس بنگلور کے کے سامنے جیت کے لیے 114 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

-------------------------------

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

***PM Election Rally***

انتخابی کمیشن کی جانب سے چناؤ پروگرام کے اعلان کے بعد سیاسی عمل شروع ہو گیا ہے اور سیاسی پارٹیاں اب انتخابی ریلیاں کر رہی ہیں۔ انتخابی مہم کے دوران وسیع رہنما خطوط جاری ہونے کے ساتھ ہی مثالی ضابطۂ عمل بھی نافذ ہو گیا ہے۔

آج آندھرا پردیش کے Palnadu ضلعے میں NDA کی پہلی چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ NDA اتحاد علاقائی امنگوں اور قومی ترقی کو ذہن میں رکھتے ہوئے آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ NDA کا مقصد یہ ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے لیے ایک ترقی یافتہ آندھرا پردیش تعمیر کیا جائے۔

جناب مودی نے کہا کہ آندھرا پردیش میں NDA کی ڈبل انجن کی سرکار کے ساتھ یہاں ترقی کو اور زیادہ تقویت حاصل ہوگی۔

S/B - 2100 - PM Viksit Andhra Pradesh

وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کسانوں کی چھوٹی سے چھوٹی ضرورتوں پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پی ایم کسان سمّان نِدھی کے تحت خطے کے کسانوں کو 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم دی گئی ہے۔ جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ ان کی حکومت کے مدت کار کے دوران بہت سے سرکردہ تعلیمی انسٹی ٹیوٹس کا افتتاح کیا گیا یا اُن کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ وکست بھارت کے لیے ڈبل انجن کی سرکار کو منتخب کریں۔

وزیراعظم نے آندھرا پردیش کے وقار کا احترام نہ کرنے کے لیے کانگریس پر نکتہ چینی کی اور کہا کہ اُن کی حکومت اِس کے احترام کے تئیں پرعزم ہے۔ اس انتخابی ریلی میں تیلگو دیشم پارٹی کے سربراہ این چندر بابو نائیڈو، Jana Sena Party کے چیف پون کلیان اور سبھی تینوں پارٹیوں کے لیڈروں نے بھی شرکت کی۔×

## ***EC Arunachal Sikkim***

انتخابی کمیشن نے اروناچل پردیش اور سکم اسمبلی انتخابات کیلئے ڈالے جانے والے ووٹوں کی گنتی کی تاریخ اب 4 جون کے بجائے 2 جون کردی ہے۔

کمیشن نے ایک بیان میں کہا کہ ان دونوں ریاستوں میں پارلیمانی حلقوں کے انتخابات کی تاریخوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔

32 رکنی سکم اسمبلی اور 60 رکنی اروناچل پردیش اسمبلی کیلئے ایک ہی مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ ووٹنگ 19 اپریل کو لوک سبھا انتخاب کے پہلے مرحلے کے ساتھ ساتھ کرائی جائے گی۔

175 رکنی آندھراپردیش اسمبلی کیلئے انتخابات 13 مئی کو ایک ہی مرحلے میں اور 147 رکنی اوڈیشہ اسمبلی کیلئے انتخابات 4 مرحلوں تیرہ، بیس اور 25 مئی، نیز پہلی جون کو لوک سبھا انتخابات کے ساتھ کرائے جائیں گے۔
انتخابی کمیشن نے کل عام انتخابات کے ساتھ ساتھ سکم، اوڈیشہ، آندھراپردیش اور اروناچل پردیش میں اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ کرائے جانے کا اعلان کیا تھا۔X

## EC Electoral Bonds

انتخابی کمیشن نے آج اعداد و شمار کو اپ لوڈ کر دیا ہے جو اس کی ویب سائٹ پر انتخابی بانڈ سے متعلق سپریم کورٹ کی رجسٹری سے ڈیجیٹائز شکل میں موصول ہوا تھا۔ اِس اعداد و شمار تک رسائی کمیشن کی ویب سائٹ پر حاصل کی جاسکتی ہے۔ انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سیاسی پارٹیوں نے سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق ایک بند لفافے میں انتخابی بانڈ سے متعلق ڈیٹا داخل کیے تھے۔ یہ اعداد و شمار سیاسی پارٹیوں کی طرف سے موصول ہوئے تھے جنہیں بند لفافوں کو کھولے بغیر سپریم کورٹ میں جمع کرایا گیا تھا۔ اِس سال 15 مارچ کو سپریم کورٹ کے حکم کی روشنی میں سپریم کورٹ کی رجسٹری نے ایک بند لفافے میں ایک پین ڈرائیو میں اس کی ایک ڈیجیٹائز ریکارڈ کے ساتھ نقلیں واپس کر دی تھیں۔×

## EC PwD Icon

انتخابی کمیشن نے ارجن انعام یافتہ اور دیویانگ تیر انداز، شیتل دیوی کو اپنا قومی PwD آئیکون قرار دیا۔ اُن کے نام کا اعلان کل دلی میں کھیلے گئے ایک نمائشی کرکٹ میچ کے دوران کیا گیا۔ یہ میچ انڈین Deaf کرکٹ ایسوسی ایشن ٹیم اور دلی اینڈ ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن کی ٹیم کے درمیان ہوا تھا۔ اس میچ کا اہتمام بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ کے تعاون سے چناؤ کمیشن کی طرف سے کیا گیا تھا تاکہ رائے دہندہ میں بیداری اور شمولیت کو فروغ دیا جا سکے۔ اِس موقعے پر کمیشن نے PwDs کے لیے ایک Dedicated Voter's Guide اور Senior Citizen Electors بھی لانچ کیا۔

اِس جامع کتابچے میں PwDs اور Senior Citizen کے لیے دستیاب ضروری بہم رسائی تجویز کی گئی ہے، نیز پولنگ اسٹیشنوں میں بنیادی ڈھانچے، معلومات اور طریقۂ کار سے متعلق تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ ×

## Rahul Gandhi Mumbai

کانگریس رہنما راہل گاندھی نے آج کہا ہے کہ موجودہ لڑائی دو نظریات کے درمیان ہے نہ کہ محض بی جے پی اور

کانگریس کے درمیان۔

جنوبی ممبئی کے تیج پال ہال میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے کہا کہ کانگریس، اقتدار کی غیر مرکوزیت پر زور دیتی ہے جبکہ برسراقتدار پارٹی کا نظریہ یہ ہے کہ ملک کا نظام، مرکزی طور پر چلایا جائے۔ اُنہوں نے ممبئی میں مہاتما گاندھی کے مکان ،منی بھون سے، اگست کرانتی میدان تک نیائے سنکلپ پدیاترا نکالی۔

S/B 2100 Final Rahul Gandhi

## Maha Shiv Sena

مہاراشٹر میں شِو سینا UBT کے قانون ساز کانسل کے ممبر Aamshya Padvi نے آج ایکناتھ شندے کے قیادت والے ، شِو سینا کے دھڑے میں شمولیت اختیار کرلی وہ ممبئی میں وزیراعلیٰ شندے کی موجودگی میں اس دھڑے میں شامل ہوئے۔

Aamshya Padvi ، نندور بار ضلع کے دور دراز کے علاقوں میں شِو سینا کا قبائلی چہرہ ہیں۔ وہ شِو سینا کیلئے کئی سال سے تندہی کے ساتھ کام کرتے رہے ہیں۔ X

## Chhattisgarh CM Bhpesh Baghel

چھتیس گڑھ کے اقتصادی جرائم کی تفتیش کرنے والے بیورو نے سابق وزیراعلیٰ Bhupesh Baghel، نامعلوم بیوروکریٹس اور پولیس افسروں کے علاوہ دیگر لوگوں سمیت 19 افراد کے خلاف ایک FIR درج کی ہے۔ اِن سبھی کے خلاف مہادیو بک آن لائن بولی لگانے کے گھپلے کے سلسلے میں یہ FIR درج کی گئی ہے۔ بیورو نے انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے داخل کردہ ایک درخواست کے بعد چار مارچ کو اِس معاملے کی شروعات کی تھی۔ چھتیس گڑھ کے اقتصادی جرائم کی تفتیش کرنے والے وِنگ نے دھوکہ دہی، مجرمانہ سازش اور جعل سازی سمیت بدعنوانی کی روک تھام کے قانون کی مختلف دفعات کے تحت ملزمان پر الزامات عائد کیے ہیں۔x

## ED Kejriwal

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے دلی جَل بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو طلب کیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق کالے دھن کو جائز شکل دینے کی روک تھام کے قانون کی دفعات کے تحت اپنا بیان قلم بند کرانے کے لیے اُن سے کل قومی راجدھانی میں ED کے دفتر میں جانچ ایجنسی کے سامنے پیش ہونے کے لیے کہا گیا ہے۔ مذکورہ قانون کے تحت یہ ایسا دوسرا کیس ہے جس میں جناب

کجریوال کو طلب کیا گیا ہے۔
اُنہیں دلی ایکسائز پالیسی سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں پوچھ تاچھ کے لیے پہلے ہی آٹھ سمن بھیجے جاچکے ہیں لیکن وہ انہیں غیرقانونی قرار دے کر ایک بار بھی اِس کیس میں پیش نہیں ہوئے ہیں۔
انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے ایکسائز پالیسی کیس میں اِس مہینے کی 21 تاریخ کو پیش ہونے کے لیے جناب کجریوال کو نوواں نوٹس بھیج رکھا ہے۔x

## NIA ISIS

مہاراشٹر میں قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے آج پُنے میں، دولت اسلامیہ گروپ کے ایک کیس میں چار غیر منقولہ املاک کو ضبط کیا ہے۔ یہ املاک دہشت گردی کیلئے استعمال کی جارہی تھیں۔ ایجنسی نے ایک بیان میں کہا کہ ضبط کی گئی اِن املاک کا تعلق 11 ملزمین سے ہے، جن میں سے تین ملزم فرار ہیں۔
NIA نے بتایا کہ ان املاک کو، دیسی ساخت کے بم بنانے اور دہشت گردانہ کارروائیوں کی تربیت اور منصوبہ بندی کے مقصد سے استعمال کیا جارہا تھا۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ ملزمین اِن املاک کا استعمال اپنے رہائشی گھروں کے طور پر کرتے تھے۔
NIA نے مزید بتایا کہ اس کیس کا تعلق مہاراشٹر ، گجرات اور بھارت کے دیگر علاقوں میں مختلف جگہوں پر دھماکے کرنے اور دہشت پھیلانے کیلئے دولت اسلامیہ کی ایک سازش سے ہے۔X

## MEA Gujarat Violance

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ کل احمدآباد کی گجرات یونیورسٹی میں، تشدد کے ایک واقعہ میں دو غیر ملکی طلباء زخمی ہوئے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ان میں سے ایک کو علاج کے بعد اسپتال سے چھٹی دے دی گئی ہے۔
اُنہوں نے کہا کہ ریاستی سرکار، قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کررہی ہے اور وزارت، گجرات سرکار کے ساتھ رابطے میں ہے۔X

## Jaishankar Conclave

وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ مینوفیکچرنگ کے شعبے میں چین سے مقابلہ کرنے کی غرض سے بھارت کو اس سلسلے میں گھریلو طور پر تیار رہنے کی ضرورت ہے۔ کل ایک میڈیا گروپ کے ذریعہ منعقدہ ایک کانکلیو سے خطاب

کرتے ہوئے، وزیرموصوف نے کہا کہ اگر آپ کو چین سے مقابلہ کرنا ہے تو آپ کو ایک ایسی معیشت کی ضرورت ہوگی، جو اس کے لئے تیار ہو۔ وزیرخارجہ نے کہا کہ صرف سرحدی معاملہ نہیں ہے معیشت کے کئی بڑے معاملات بھی ہیں۔ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ ایسا صرف پچھلی دہائی میں ہوا ہے کہ بھارت نے چین سے مقابلہ کرنے کی غرض سے اپنے مینوفیکچرنگ شعبے پر توجہ مرکوز کرنی شروع کی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ حالانکہ 2020 کی Galwan جھڑپوں کے بعد چین کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہوگئے تھے، لیکن اس سے پہلے ہی دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی پیدا ہورہی تھی۔ چین کے ساتھ فوجی سطح کی بات چیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ سرحد پر گشت سے متعلق کچھ امور ہیں کیونکہ دونوں ملکوں کی فوجیں اگلی چوکیوں پر تعینات ہیں۔××

## Startup Mahakumbh

اسٹارٹ اپ مہاکمبھ، کل سے شروع ہو رہا ہے، جس میں بھارت کے اسٹارٹ اپ ماحولیاتی نظام کو نمایاں کیا جائے گا۔ یہ ایک سب سے بڑا پروگرام ہے، جو نئی دلی میں بھارت منڈپم میں 20 مارچ تک جاری رہے گا۔ اِس پروگرام میں مصنوعی ذہانت، B2B، ایگری ٹیک، ڈیپ ٹیک، کلائمیٹ ٹیک، گیمنگ، Esports، فن ٹیک، انکیوبیٹرس اور ایکسی لیٹرس سے متعلق Pavalions سمیت سیکٹر پر مرکوز پویلین ہوں گے۔ اِس اسٹارٹ اپ پروگرام کا مقصد سرمایہ کاروں اور طاقتور کارپوریٹ شراکت داروں کے علاوہ پروجیکٹوں میں سرمایہ لگانے والوں سمیت سرمایہ کاروں کے ایک اسپیکٹرم کے ساتھ اسٹارٹ اپ کو جوڑنا ہے۔

آج نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے DPIIT کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے بتایا کہ یہ اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام ہے جو قومی رجدھانی میں بڑے پیمانے پر منعقد کیا جا رہا ہے۔×

## Niger US

نائیجر نے، امریکہ کے ساتھ اپنے فوجی معاہدے کو، فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ اِس فیصلے کا اعلان، افریقی امور سے متعلق اسسٹنٹ سکریٹری آف اسٹیٹ Molly Phee اور امریکہ کے افریقی کمان کے سربراہ جنرل Michael Langley کی قیادت میں سینئر افریقی افسران کے، اس ہفتے کے شروع میں مغربی افریقی ملک کے دورے کے بعد کیا گیا ہے۔ یہ دورہ جمہوریت کی منتقلی پر تبادلۂ خیال کے مقصد سے کیا گیا تھا۔

نائیجر مغربی اور شمالی افریقہ میں امریکی کارروائیوں کا مرکز ہے جہاں اُس کا فضائی ٹھکانہ واقع ہے اور یہ امریکی حکومت کی طرف سے شروع کیا گیا سب سے زیادہ قیمتی تعمیراتی پروجیکٹ ہے۔X

## Athletics

کیلیفورنیا میں San Juan Capistrano کے مقام پر The Ten Event میں بھارتی ایتھلیٹ Gulveer Singh نے 20 سیکنڈ کے فرق سے 16 سال پرانا قومی ریکارڈ توڑ دیا ہے۔

25 سالہ Gulveer سنگھ مردوں کی 10 ہزار میٹر کی دوڑ میں دوسرے مقام پر رہے۔ انہوں نے 27 منٹ 41 اعشاریہ آٹھ ایک سیکنڈ میں یہ دوری طے کی۔ البتہ وہ پیرس اولمپک کھیلوں کے لیے کوالیفائی نہیں کر سکے کیونکہ وہ اس کے لیے درکار طے شدہ وقت سے 41 سیکنڈ پیچھے رہ گئے۔×

## WPL

خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ کے فائنل میں Delhi Capitals نے رائل چیلنجرس بینگلور کے سامنے جیت کے لیے 114 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

نئی دلی میں پہلے بلے بازی کرتے ہوئے Capitals Delhi کی پوری ٹیم 18 اوورز اور تین گیندوں میں 113 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

جیت کے 114 رن کے نشانے کو حاصل کرنے کے لیے رائل چیلنجر بنگلور نے اب سے کچھ دیر پہلے تک دو اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 8 رن بنا لیے تھے۔×

☆☆☆☆☆